According to a report published in 'the Muslim' of 24th November, 1990, the adulteration in the Petroleum products has increased to an alarming stage, and that the agencies supposed to check this adulteration are providing protection to such adulteration. This criminal process on the one hand yields large profits to the petrol dealers who share it on monthly basis with their protectors and the official concerned, while on the other causing problems for the motor vehicles and the environment.

This is a serious matter of national importance. I beg to move that the normal business of the House be suspended to discuss the same.

جی پٹرولیم کے وزیر صاحب آج بھی نہیں ہیں ۔

جناب چیئرمین : جی پروفیسر صاحب، نثار علی خاں صاحب کی درخواست آئی ہوئی ہے کہ وہ علالت کی بنا پر اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے تو آپکی اجازت ہو تو اس کو ڈیفر کر دیا جائے ۔

پروفیسر خورشید احمد : جی میں نے تین ماہ پہلے بھی التوا، کی اجازت دے دی تھی۔ بشرطیکہ وہ آئیں اور ذرا وضاحت کر دیں ۔ مجھے کوئی اعتراض نہیں ۔

Mr. Chairman: So, this stands deferred. Next is adjournment motion No. 2. Prof. Khurshid Ahmad Sahib.

ii) Re: Karachi Mass Transit Programme.

Prof. Khurshid Ahmed: I seek the leave of the House to move the following adjournment motion:-

It has been reported in "the Dawn" of today i.e. 13th of February that the fate of Karachi Mass Transit Programme is once again at stake due to some distortion in reporting....

Mr. Chairman: Professor Sahib, I think this is not You have to move adjournment motion No. 3.

Prof. Khurshid Ahmed: Sir, I think the concerned Minister for adjournment motion No. 2 is here but I have no objection in moving adjournment motion No. 3.

Mr. Chairman: Which adjournment motion is for you, Chattha Sahib.

Ch. Hamid Nasir Chattha: Adjournment motion No. 2.

Mr. Chairman: Right, Professor Sahib, move it.

Prof. Khurshid Ahmed: Sir, I repeat it. It has been reported in "the Dawn" of today i.e. 13th of February that the fate of Karachi Mass Transit Programme is once again at stake due to some distortion in reporting of facts of decisions of the Central Development Working Party (CDWP) meeting held in Islamabad in December, 1990. In view of this it is feared that the important project would be further delayed or may be sabotaged.

This is a matter of urgent national importance and I beg to move that the normal business of the House be suspended to discuss the same.

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Ch. Hamid Nasir Chattha: Yes, opposed.

<u>پروفیسر خورشید احمد</u> : میں اس کی وضاحت کرتا ہوں جناب والا! سب سے پہلی چیز تو یہ ہے کہ کراچی کی ٹرانسپورٹ کا مسئلہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو ایک مدت سے درد سر بنا ہوا ہے نہ صرف کراچی کے ۸۰ ، ۸۵ لاکھ افراد کے لئے بلکہ حکومت اور خصوصیت سے مرکز اور صوبوں کے تعلقات کے ضمن میں یہ بڑا ہی نازک مسئلہ ہے جسے ہم نے ہر پہلو سے سنبھالنے اور improve کرنے کی کوشش کی ہے۔ میں چونکہ سندھ کمیٹی کا بھی رکن رہا ہوں ، جس نے بڑی گہرائی میں جاکر وہاں کے حالات کا مطالعہ کیا ہے۔ ہم اس نتیجے پر پہنچے تھے کہ

ٹرانسپورٹ سسٹم ان مسائل میں سے ایک ہے جنہوں نے صوبے اور مرکز کے درمیان تعلقات بگاڑنے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ جناب والا! اس کی قومی اہمیت کے بارے میں دو آراء نہیں ہو سکتیں۔ اس لئے کہ ملک کے سب سے بڑے شہر کراچی کے ۸۰ ، ۸۵ لاکھ افراد کے لئے ٹرانسپورٹ ایک بنیادی ضرورت ہے۔ دوسرا پہلو یہ ہے کہ یہ ایسا نازک مسئلہ ہے جو مرکز اور صوبوں کے تعلقات کو متاثر کرتا رہا ہے۔ ماضی میں بڑی مشکل سے بین الاقوامی ایجنسیوں کے تعاون سے (عالمی بنک بھی اس میں شامل ہے)، ایسی کوشش کی گئی کہ ایک ایسا نظام بن جائے جس کے نتیجے میں وہاں کے ٹرانسپورٹ کے نظام کو کچھ بہتر بنایا جا سکے۔

اب جناب والا! اس کے سلسلے میں جو معلومات فروری میں سامنے آئی ہیں وہ یہ ہیں کہ جب اس مسئلے پر سنٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی میں غور ہوا تو وہاں بھی مرکز اور صوبے کے درمیان خاصی کشیدگی کی فضا برقرار رہی اور پھر اس میٹنگ کے جو minutes تیار ہوئے، وہ جب صوبائی اسمبلی کے سامنے آئے تو معلوم ہوا ہے کہ اس میں بڑے major lapses ہیں یعنی ایک تو قومی اہمیت کا مسئلہ، دوسرے ایسا مسئلہ کہ جس سے صوبے اور مرکز کے تعلقات متاثر ہو رہے ہوں اور پھر تیسری یہ بات خود بڑی ہی اہم ہے کہ ڈویلپمنٹ کے سلسلے میں آپ کو معلوم ہے کہ مرکزی ترقیاتی ورکنگ پارٹی کتنی اہمیت کا ادارہ ہے۔ یہ اور کیبنٹ کی اکانومک کمیٹی، یہ دو ادارے ہیں جو major economy decisions کرتے ہیں۔ اگر ایک ایسے اہم ادارے کے اجلاس کے ایسے sensitive issue پر minutes صحیح نہیں لکھے جاتے ہیں خواہ اس میں factual errors ہیں کچھ چیزیں چھوڑ دی جاتی ہیں کچھ چیزیں mis-report کی جاتی ہیں یہ بات گورنمنٹ کی پوری مشینری کے نظام کو خطرے میں ڈال دیتی ہے اور اس کی عزت باقی نہیں رہتی۔

جناب والا! اس سلسلے میں جو بات سامنے لائی گئی ہے وہ یہ ہے۔

that the provincial government has taken a serious exception to the contents and developments reflected in the minutes and has termed them as mis-statements and distortions of factual position with motives to suit the selected few. The sources said, the cost of project has been overstated by merely fifty percent. Enquiries showed that the French grant entails no detailed designs, whereas the present World Bank package for KNTP priority No. 1, Corridor-includes detailed design for a real Mass Transit Corridor on BOT, build, operate and transfer basis, 13 elevated stations, allied facilities and related environmental studies, in addition it includes Rs. 25 million on income tax to be paid to federal government and had been considered incorrectly as a project component of cost. These facts have been ignored by CDWP in the minutes, the sources said.

اس کے بعد جناب والا! یہ چیز بھی سامنے آئی ہے کہ

The Sindh Government has already informed World Bank to continue with the existing consultants alongwith local consultants who w... to undertake major work for the first part of the projec i.e. 6.2 kilometers strip of the transit only. As the request of CDWP sources pointed out that the cost of the first part design consultancy had also been reduced to bare minimum and local participation increased. Yet the minutes require fresh consultancy bids of lowest cost. The provincial government officials, however, said that it would be in violation of the agreement between the Government and the World Bank. The inclusion of this issue was a deliberate attempt to delay the project.

[At this stage he Chair was vacated by Mr. Chairman and occupied by the Mr. Deputy Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha)]

جناب ڈپٹی چیئرمین: پروفیسر صاحب۔ جی فصیح اقبال صاحب

سید فصیح اقبال: جناب آج ہماری محترمہ کو موقع ملا اور وہ بڑی

خوش اسلوبی سے اپنے فرائض سرانجام دے رہی تھیں۔ آج ماشاء اللہ آپ دونوں حضرات آئے لیکن لیٹ آئے۔ اس کے لئے آپ نے ایوان سے کوئی معذرت نہیں کی۔ بیشک ہم آپ کا احترام کرتے ہیں۔ آپ ہمارے چیئرمین ہیں۔ لیکن جب آپ لوگ اپنے وقت پر نہ آئیں تو ہم وزراء کو کیا کہیں۔ ہم وزراء کو کوستے رہتے ہیں۔ ہم ادب واحترام کے ساتھ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ آج جب چیئرمین صاحب آئے تھے تو ہماری محترمہ چیئرمین تھیں اور ان کے جانے کے بعد انہی کو جگہ دینی چاہیئے تھی باقی یہ ایوان پر منحصر ہے۔ آپ ڈپٹی چیئرمین ہیں۔

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی : میں نے تو ویسے بھی نہیں بیٹھنا تھا۔ میں اجازت چاہوں گی۔ میں کہیں جارہی ہوں۔

میر یوسف علی خان مگسی : پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی یوسف مگسی صاحب، پوائنٹ آف آرڈر۔

میر یوسف علی خان مگسی : پچھلے مہینے کی ۲۷، ۲۸ تاریخ کو سندھ پولیس نے مجھے چار گھنٹے تک میرے گھر میں نظر بند کر کے رکھا۔ کیوں؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : یہ تو سندھ گورنمنٹ سے پوچھیں۔

میر یوسف علی خان مگسی : میرا بھتیجا عامر خان کھڑا ہو رہا ہے سینیٹ میں۔ He belongs to Peoples Party. میں اپنے بھتیجے نادر خان کے گھر میں رہ رہا تھا۔ ابا جان بیمار تھے انہیں ڈرپ لگی ہوئی تھی۔ صبح سات بجے، آٹھ پولیس کی ویگنیں آگئیں۔ میں نے کہا بھئی مجھے تو نکلنے دو۔ میں تو بلوچستان کا ہوں میرا تو نئے الیکشن سے تعلق نہیں ہے۔ پولیس والوں نے نہیں مانا۔ انہوں نے کہا جب تک ڈی ایس پی صاحب یا انسپکٹر صاحب نہیں آئیں گے آپ کو نہیں جانے دیں گے۔ مجھے چار گھنٹے بعد نکلا ابا جان کو وہاں ہسپتال میں ڈرپ لگ رہے تھے۔

I protest against that. The Government should explain.

پروفیسر خورشید احمد : آپ تحریک استحقاق پیش کریں۔

سید فصیح اقبال : آپ پیش کریں۔ ہم سب اس کی تائید کرتے ہیں۔

جی اخونزادہ صاحب پوائنٹ آف آرڈر۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب والا! ایک معزز ممبر جب اس ایوان میں آکر بیان دیتا ہے تو اس کے علاوہ بھی کوئی ایسی چیز درکار ہے جس پر ہم یہ یقین کریں کہ نہیں ہم ان کی بات پر یقین نہیں کرتے۔ اس کے ایک تحریری خط پر یقین رکھتے ہیں یا کسی وزیر صاحب کی یا کسی اور اتھارٹی کی سٹیٹمنٹ پر ہم یقین کریں گے، جناب یہ قابل افسوس ہے، ان کا بیان سو فیصدی صحیح ہے اس پر ایکشن لیا جائے اور اسی وقت لیا جائے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: ہم اس کی پر زور تائید کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: صحیح ہے لیکن اس وقت ان کے بیان کو کسی نے جھٹلایا نہیں ہے نہ اس پر شک کیا ہے اخونزادہ صاحب آپ کا یہ فرمانا صحیح نہیں ہے ان کے بیان پر کسی نے شک نہیں کیا نہ ہم نے جھٹلایا ہے لیکن اس ایوان میں ہر کام کے لئے ایک طریقہ کار مقرر ہے اسی لیے میں نے یہ عرض کیا کہ یہاں پر منسٹر صاحب موجود ہیں وہ سندھ حکومت سے معلومات کریں گے کہ آیا یہ درست ہے یا نہیں لیکن اس ہاؤس کے رولز آپ لوگوں ہی نے بنائے ہیں اور اس کے لئے ایک طریقہ کار بنایا ہے اگر کسی معزز رکن کا کوئی استحقاق مجروح ہوتا ہے تو اس کے لیے ایک طریقہ کار مخصوص ہے اس وقت مگسی صاحب نے اپنا نقطہ نظر پیش کر دیا ہے اور حکومت نے اس کو نوٹ کر لیا ہے اور وہ اپنی طرف سے اس پر کاروائی کریں گے اور اگر ایسی بات ہے تو وہ واقعی بری بات ہے۔حکومت کو اس کا نوٹس لینا چاہیئے، ڈاکٹر بشارت صاحب۔

Dr. Bisharat Elahi: Mr. Chairman, exceptions always go to prove a rule.

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی : یہی تحریک استحقاق ہے۔

میر یوسف علی خان مگسی : الیکشن میرا بھتیجا لڑ رہا ہے۔ دعویٰ کیا جا رہا ہے یہاں جمہوریت کا میں اپنے گھر میں بیٹھا تھا بتائیں میری غلطی کیا تھی میں مہمان ہوں اپنے بھتیجے کے گھر میں۔ میرے ابا، ۸۰ سال کے ضعیف النسان ہیں۔ ان کو ہسپتال میں ڈرپ لگ رہے تھے کم از کم مجھے تو نکلنے دیتے۔

Prof. Khurshid Ahmed:: I think it is a genuine case for a privilege motion.

سید فصیح اقبال : جناب چیئرمین صاحب! ہمارے ایک معزز ممبر نے جو بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں، ایوان کی اطلاع کے لیئے یہ بات بیان کر دی ہے۔ اب یہ ایوان کا کام ہے کہ اس کا نوٹس لے اور آپ کی سربراہی میں اس کا فوری طور پر حکومت سندھ اور وفاقی حکومت کو نوٹس لینا چاہیئے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : یوسف مگسی صاحب آپ نے اپنا پوائنٹ یہاں پر واضح کر دیا ہے۔ لیکن اسے ایوان میں لانے کا باقاعدہ ایک طریق کار ہے۔ تحریک استحقاق کے تحت یا قاعدہ ۱۹۷ کے تحت جو بھی طریقہ آپ مناسب سمجھتے ہیں۔ یہاں پر وزیر موصوف تشریف رکھتے ہیں۔ ان کے نوٹس میں بھی یہ بات آگئی ہے۔ وہ سندھ گورنمنٹ سے معلوم کر لیں گے کہ آپ کے ساتھ ایسا کیوں ہوا، کس بنا پر ہوا، لیکن اس وقت ایوان میں اس پر بحث نہیں کی جا سکتی اس لیے کہ ایوان کی کاروائی چلانے کا ایک طریق کار ہے۔ بہر حال آپ نے اپنا نقطہ نظر پیش کر دیا۔ بہت شکریہ!

میر یوسف علی خاں مگسی : جناب! میں یہی عرض کر رہا ہوں کہ اللہ تعالےٰ بھی آسمان پر اپوزیشن برداشت کر رہا ہے یہ گورنمنٹ زمین پر برداشت نہیں کر رہی

جناب ڈپٹی چیئرمین : کیوں نہیں کریں گے، آپ ہمارے معزز ممبر ہیں۔

یہ جو بار بار اسی چیز پر ہم آجاتے ہیں کی جی ایک طریقہ کار وضع کرلیا ہے۔

I think we are taking it a little too far. An honourable Member of this House has been retained without authority by a certain agency. This has been brought to the notice of the honourable Chairman of this House who is supposed to be the custodian of this House.

اگر آپ کہیں جی کہ آپ طریقہ کار کے مطابق ایک پریویلیج موشن لائیں۔ کل سے ۱۵ مارچ تک recess ہو رہا ہے،اس کے بعد دو، تین دن اور اجلاس ہے چلے یا نہ چلے، پریویلیج موشن آئے یا نہ آئے۔

the damage has been done and may continue.

I would request you to direct the Government and the Minister concerned to hold an immediate enquiry and at the next sitting of the Senate we should be informed of the outcome of this enquiry. In the meantime whatever damage has been done to the honourable Member should be taken care of and he should ensure that this is not repeated again. Thank you Sir.

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ جی ، پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب والا ! میں آپ کی توجہ رول ۱۶۱ کی طرف مبذول کراؤں گا جس میں یہ کہا گیا ہے کہ

> "A member wishing to raise a question of privilege shall give notice in writing to the Secretary before the commencement of the sitting on the day the question is proposed to be raised. If the question raised is based on a document the notice shall be accompanied by the document or its copy indicating the specific breach of privilege of the member or the House or its committee.
>
> Provided that the Chairman may, if he is satisfied about the urgency of the matter, allow a question of privilege to be raised at any time during the course of a sitting after the disposal of questions."

جناب ڈپٹی چیرمین ۔ ٹھیک ہے جی ، یوسف مگسی صاحب پوائنٹ اٹھایا ہے میرے خیال میں حکومت کی طرف سے ہاؤس میں کوئی صاحب اس کو اپوز تو نہیں کر رہے

سید فخر امام ۔ اس کے بارے میں میں صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ چونکہ یہ ابھی اٹھایا گیا ہے اور میں نے اس کے بارے میں پہلی مرتبہ سنا ہے تو مجھے اس کے بارے میں کوئی علم نہیں ہے ۔

Is it being opposed? it is upto you entirely, how you deal with the privilege motion.

جناب ڈپٹی چیرمین : میرے خیال میں پوچھنے میں کوئی حرج تو نہیں ہے اگر ہم اس کو ایڈمٹ کرتے ہیں اور کمیٹی ۔۔۔

سید فخر امام : کوئی حرج نہیں ہے

جناب ڈپٹی چیرمین : پھر اس کو declare in order کر کے سٹینڈنگ کمیٹی کے حوالے کرتے ہیں کہ وہ اس کے بارے میں معلومات حاصل کر کے ہاؤس میں as soon as possible پیش کر دیں کہ کیا پوزیشن ہے ۔ اب میں فصیح اقبال صاحب کے پوائنٹ کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں انہوں نے کہا تھا کہ چونکہ چیرمین اور ڈپٹی چیرمین دونوں نہیں تھے اور ہاؤس میں ہماری حاضری نہیں لگی۔ہم آپ کے ساتھی ہیں اور انشاءاللہ اس ہاؤس میں سب سے زیادہ ریگولر ہوتے ہیں ما سوائے چند حضرات کے چیرمین اور ڈپٹی چیرمین نے ہی آپ کے ساتھ رہنے کی کوشش کی اور میرے خیال میں پچھلے تین سال میں پہلا ہی موقع ہے کہ سینیٹ کے الیکشن کی وجہ سے میں بھی کوئٹہ گیا ہوا تھا اور لیٹ پہنچا ہوں اور چیرمین صاحب بھی یہاں نہیں تھے اور ساتھ ہی panel of presiding officers کا مقصد ہی یہ ہے کہ جس دن ہم دونوں میں سے کوئی بھی یہاں موجود نہ ہو تو آپ میں سے کوئی صاحب جو اس لسٹ پر ہو وہ آکر صدارت کرے۔اس سلسلے میں چونکہ

میرے خیال میں قواعد کے تحت یہ بات جائز ہے اور ہمارے ایک معزز رکن آپ کے علم میں اس بات کو لائے ہیں، وہ بلکہ کر بھی دے دیں گے اس لیئے میں چاہوں گا کہ اس کو فوراً consider کیا جائے اور جیسا کہ ڈاکٹر صاحب نے کہا ہے آپ اس معاملے میں حکومت کو ہدایت کریں کہ وہ انکوائری کر کے رپورٹ آپ کو اور ایوان کو دے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: رول ۶۲ میں سب کلاز (۲) کو بھی پروفیسر صاحب پڑھ لیں۔

"the question shall relate to a specific matter and shall be raised at the earliest opportunity."

تو اب مگسی صاحب نے یہ نہیں بتایا کہ ان کے ساتھ یہ واقعہ کب پیش آیا۔

پروفیسر خورشید احمد: یہ تو بتا رہے ہیں آج ہی یہ ایوان میں آ رہے ہیں اور فوری طور پر انہوں نے ہاؤس کو بتا دیا ہے۔۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مگسی صاحب آپ کے ساتھ یہ واقعہ کب پیش آیا؟

Mir Yousa Ali Khan Magsi: In the last week or second

I don't know the specific time. last week میں ہوا ہے

جناب ڈپٹی چیئرمین: کس مہینے میں جی۔

میر یوسف علی خان مگسی۔ فروری۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: فروری کے دوسرے ہفتے میں۔

میر یوسف علی خاں مگسی: فروری کے آخری ہفتے میں اور اس کے بعد یہ پہلا اجلاس ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پھر مگسی صاحب آپ یہ کریں کہ کچھ لکھ کر آپ ہمیں دے دیں۔

میر یوسف علی خاں مگسی۔ یہ لیں جناب۔

میں اور چیئرمین صاحب دونوں پارلیمنٹ ہاؤس اکھٹے ہی پہنچے تو انہوں نے کہا کہ میں تھوڑی دیر کے لئے جاؤں گا پھر آپ آئیں تو اس میں کوئی قباحت نہیں ہے اور اس کے بعد اگر آپ چاہیں تو اب بھی میں آپ لوگوں کو چیئر، حوالے کرنے کو تیار ہوں یا تھوڑی دیر کے بعد جیسے کہیں، یہ ہمارا آپ کا مشترکہ ہاؤس ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ مل کر چلائیں گے، اس میں ایسی کوئی بات نہیں ہے بہت شکریہ۔

سید فصیح اقبال: جناب والا! ہم سب لوگوں کو وقت کی پابندی کرنی چاہیئے اور ہمیں خوشی ہے کہ آپ بڑے وقت کے پابند ہیں آج چونکہ ماشاءاللہ ہماری محترمہ صاحبہ صدارت کر رہی تھیں تو ایک مرتبہ چیئرمین صاحب نے فرمایا تھا کہ میں اس ہاؤس میں پانچ منٹ کے بعد آ جاؤں گا اسلیئے میں نے یہ عرض کیا تھا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ شکریہ! پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد۔ جناب والا! آج مجھے یہ اعزاز حاصل ہے کہ کہ میری دو تحاریک پر تین صدور نے غور فرمایا ہے یہ تحریک التوا، کراچی کے Mass Transit System کے بارے میں ہے۔ میں نے اس کی قومی اہمیت کے بارے میں عرض کر دیا ہے اور میں آخیر میں جس پہلو پر عرض کر رہا تھا وہ یہ تھا کہ تقریباً ۱۶ بلین روپے کا پروجیکٹ ہے اور اس سلسلے میں یہ صورت حال سامنے آئی ہے کہ Central Development Working Party میں جس طرح اس پر غور ہوا ہے، جو اس چیزیں طے ہوئی ہیں، جو اس پر رپورٹ مرتب ہوئی ہے اور صوبوں کو بھیجی گئی ہے، اس میں بڑے بنیادی سقم ہیں جس کی بنا پر وہ پورا پروجیکٹ ہی متاثر ہو رہا ہے اور مرکز اور صوبے کے درمیان تعلقات بھی متاثر ہو رہے ہیں ان دونوں وجوہ سے جناب والا! میں اس کو آپ کے سامنے لا رہا ہوں۔ صرف اشارتاً اتنی بات اور عرض کر دوں کہ

تو محترم وزیرِاعظم صاحب نے جہاں تک مجھے اطلاع ہے اور اخبارات کہتے ہیں، کہ دسمبر ۱۹۹۰ میں لیاقت آباد میں اپنی پبلک تقریر میں اس بات کا وعدہ بھی کیا تھا کہ اس پروجیکٹ پر فوری طور پر عمل ہونا چاہیئے لیکن ان سب چیزوں کے باوجود دو مہینے سے اگر یہ مسئلہ مرکز اور صوبوں کے درمیان شٹل کاک بنا ہوا ہے اور اصل پروجیکٹ متاثر ہو رہا ہے تو یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جس کے اوپر بحث ہونی چاہیئے ۔ شکریہ!

Ch. Hamid Nasir Chattha: Thank you, Mr Chairman.

There is no doubt that the Karachi Mass Transit Programme is a very important development project and I would like to assure this House that the Government is giving the utmost priority to it. There was controversy about the recording of the minutes of the CDWP meeting but I would like to assure the honourable Senator, the mover of this adjournment motion, that that controversy was not allowed to delay this project in any manner whatsoever. I would not like to, unless the honourable Member insists, to go into the details about the controversy but I would like to say, Mr. Chairman, that the project came up before the CDWP in the end of December, 1990, and certain observations were made by the CDWP which, with your permission, I would like to read out for the benefit of the honourable Member. The minutes read.

"The CDWP observed that the Government of Sindh had considerably delayed the submission of the revised PC-II for approval and directed that such a delay should be avoided in future."

This shows Mr. Chairman, that the Planning Division and the Planning Ministry are very keen that this project be expedited. Then inspite of the facts that the Govt. of Sindh and the Planning Commission disagreed over the minutes of the meeting, the project was submitted to ECNEC on schedule in February of this very year and the summary

submitted to ECNEC, I would also like to read the relevant portion:

> "The revised PC-II has not yet been received in the Planning Commission. The Sindh Govt. has, however, combatted the character of the conditions (3) and (4) above. The field that work relating to the first 6.2 kms. of design work should be given to existing consultants by negotiation and further scaling down of cost and estimates need not be attempted. Accordingly to avoid delay, the unnecessary controversy, the project is being submitted for a decision."

So, there was absolutely no delay in this case, The case went to ECNEC as scheduled. As in fact the ECNEC which is the final authority for sanctioning this project agreed with the minutes of the CDWP and directed the sponsoring agency that they should go in for open competitive bidding and then put up the case to ECNEC for final approval.

This is the brief summary Sir, if there are any other questions which the honourable mover would like to ask, I am here to answer them.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Yes, Prof. Sahib.

<u>پروفیسر خورشید احمد</u>: میں تو صرف دو چیزوں میں interested
ہوں یا technical detail پر ہاؤس میں بات کرنا ضروری ہے وزیر صاحب نے
پہلی چیز کی وضاحت کردی ہے اور مجھے خوشی ہے کہ اس controversy کی بنا
پر جہاں تک decision-making process ہے اس میں delay نہ ہو
دوسری تجویز میری یہ بھی ہے کہ ایسے اہم موضوع کے اوپر اداروں اور صوبائی
حکومت کے درمیان مفاہمت یکسانی یک رنگی ہونی چاہیئے اور اس معاملے
میں اگر کوئی غلط فہمیاں پیدا ہوئی تھیں خواہ وہ حقائق کو صحیح طور پر نہ سمجھنے

سے یا صحیح طور پر رپورٹ نہ کر پانے سے تو میرے خیال میں اسے بھی اہمیت دینی چاہیئے اور اس کا بھی ایک طریقہ کار ہونا چاہیئے، یہی تو میرا objective ہے۔ پہلے پوائنٹ کے بارے میں تھوڑی سی وضاحت ہو گئی ہے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اگر دوسرے پر روشنی ڈال دیں تو مفید ہو گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : جی فصیح اقبال صاحب

سید فصیح اقبال : جناب والا! پچھلی حکومت سے اسی سلسلے میں، میں نے ایک سوال پوچھا تھا۔ اس پر وزیر خزانہ صاحب نے مجھ پر دباؤ ڈالا کہ آپ اپنا یہ سوال واپس لے لیں۔ پراچہ صاحب نے اپنے چیمبر میں بلایا تو میں نے کہا کہ صاحب یہ کیا مسئلہ ہے۔ کہنے لگے سچ بات یہ ہے کہ میں اسے ڈیل نہیں کر رہا۔ وزیر اعظم ہاؤس میں ایک سیل بن گیا ہے اور جاوید پاشا صاحب اس کے انچارج ہیں۔ میں نے کہا کہ اس سے میرا تعلق نہیں ہے آپ ہاؤس میں یہ بتا دیں کہ یہ میری منسٹری سے تعلق نہیں رکھتا تو میں اپنا سوال وزیر اعظم سیکریٹیریٹ سے کرونگا تو مجھے یہ پتہ چلا کہ اس میں کچھ معاملات consultant کی appointment کے تھے تو انہوں نے بغیر ضوابط کے اور ٹینڈر کے بات چیت سے کچھ لوگوں کو رکھ لیا تھا پرائم منسٹر ہاؤس میں اور یہ مسئلہ سیاسی مسئلہ بن گیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اس وقت کی سندھ کی صوبائی حکومت نے اعتراض کیا تھا کہ یہ مسئلہ پرائم منسٹر ہاؤس میں طے نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ یہ صوبائی مسئلہ تھا یا تو منسٹری پلاننگ اور فنانس ڈیل کرے یا صوبائی حکومت سندھ۔ اس سلسلے میں میں سمجھتا ہوں کہ یہ تمام چیز وزیر صاحب کے پیش نظر رہنی چاہیئے، یہ کیس منگوا کر دیکھیں کہ اس وقت کے جو consultant یا اس وقت کی کمپنیز جن سے loan negotiate ہو رہا تھا۔ اس میں کوئی ایسی بات تو نہیں تھی جس میں کچھ لوگ ملوث تھے۔ لہٰذا میں یہ چاہتا ہوں کہ ان کے نوٹس میں لاؤں کہ اس سوال کا ڈیڑھ سال تک جواب نہیں ملا اور آخر میں یہ پرائم منسٹر سیکریٹیریٹ

کو ریفر کر دیا گیا جہاں مانیٹرنگ سیل کے جاوید پاشا انچارج تھے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ یہ تو آپ نے اور بات واضح کردی ۔ جناب منسٹر صاحب

Mr. Hamid Nasir Chattha: Thank you Mr. Chairman, we are aware: that this particular project was being dealt with directly by the Prime Minister but that is no longer the case. It is back where it should be and I would also assure the mover of this motion that there is no ill-feeling between the Govt. of Sindh and the Federal Government on this subject and in fact I have been informally informed that the ACS Planning of the Govt. of Sindh met with the Deputy Chairman and after discussion agreed with him, before the meeting of ECNEC that the minutes were correctly recorded. In any case I would like to assure the hon'ble mover and this House through you Mr. Chairman, that if there is any controversy at any stage between a province and the Federal Government, it is our duty as Ministers of the Federal Govt. to move in and resolve that difficulty amicably without there being any ill-feeling whatsoever. I hope Mr. Chairman, that after this, the hon'ble mover will not press his motion. I thank you Sir.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Prof. Khurshid Sahib.

Prof. Khurshid Ahmec.. It is a good suggestion.

Mr. Deputy Chairman: Thank you very much. The motion is not pressed. Next No. 3. On the r red-tapism the level of bureaucracy. Prof. Khurshid Sahib No. 3.

iii) Re: delay occurred in availing aid amounting to one billions dollars.

Prof. Khurshid Ahmed:

I seek the leave of the House to move the following adjournment motion:

"It has been reported in 'the Dawn' of today that due to red-tapism at the level of bureaucracy one million dollar worth of Japanese economic assistance to Pakistan is pending and it is feared that the same may lapse. While the Japanese Government has been taking interest, all the delay seems to be on the side of Pakistani authorities. It has been reported that the sum of this aid relates to Bin-Qasim, Jamshoro Thermal Power and a member of projects have been pending for the development of socioeconomic infrastructure including rural road construction, transport and agriculture.

This being a matter of urgent national importance and of recent occurrence. I beg to move that the normal business of the House be suspended to discuss the same."

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Is it being opposed?

Syed Fakhar Imam: Opposed.

جناب ڈپٹی چیئرمین : پروفیسر صاحب آپ مزید کچھ فرمانا چاہتے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد : جیسا کہ میں نے اپنی تحریک کے ساتھ ڈان اخبار کا تراشا دیا تھا جس کی بنیاد پر میں اس مسئلے کو ایوان کی توجہ کے لیے لایا ہوں وہ یہ ہے کہ فارن ایڈ کی خوبیاں خامیاں اپنی جگہ پر ہیں لیکن جب کسی پروجیکٹ کے لیے آپ دوسری حکومت سے معاملات طے کرتے ہیں تو پھر اس کے بعد بہت ضروری ہے کہ اس نوعیت کے معاملات کو جلد از جلد طے کرایا جائے اور میں یہ بات عرض کر دوں کہ مجھے سینٹ سیکرٹیریٹ کی جانب سے جو ٹائپ شدہ کاپی ملی ہے اس میں ایک بڑی اہم غلطی ہے۔ یہ رقم وَن بلین ہے ون ملین نہیں اس سلسلے میں جو ٹوٹل ایڈ ہے وہ ون بلین ہے اور یہ جو ون ملین ہے یہ ایک خاص

پروجیکٹ کے سلسلے میں فراہم کی گئی ہے لیکن جو formalities ہیں وہ ابھی تک complete نہیں ہوئیں ۔ رپورٹ کہتی ہے

"The Japanese Government has been asking Pakistan to complete certain formalities for quite sometime but authorities of the Economic Ministry have no time even to fill out a simple questionnaire relating to the assistance. The Japenese Government is understood to have given this questionnaire on December, 13th and is still awaiting i.e. 11th February 1991."

دو مہینے تک صرف اس questionnaire کا جواب نہیں جا سکا ہے اور

every time Japanese officials approach the Pakistan Government and they are told that the questionnaire was being studied and it would be ready within a few days.

لیکن وہ چند دن کم از کم فروری کے آخر تک پورے نہیں ہوئے تھے اور جناب والا ! جس پروجیکٹ کا میں نے ذکر کیا ہے جو بن قاسم سے متعلق ہے جامشورہ کا تھرمل پاور ہے، رورل روڈ کنسٹرکشن ہے، ٹرانسپورٹ ہے ۔ Agricultural Development Bank کے متعدد ventures ہیں تو یہ ایک ایسا سنگین مسئلہ ہے اور اس میں ہمیں سخت ندامت اور شرمندگی ہوتی ہے ایک طرف بھیک مانگتے ہیں اور پھر اس کے بعد اس پیسے کو بر وقت استعمال نہیں کرتے دوسری گورنمنٹ کو شکایت ہوتی ہے اگر یہ تمام چیزیں صحیح ہیں تو حقیقت یہ ہے economic management میں اکنامکس منسٹری میں یہ بہت بڑی بیماری ہے ، جس کی نشاندہی کردی گئی ہے یہ وہ چیزیں ہیں جن کا بر وقت نوٹس لینا چاہیئے ، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ ایوان کے لئے ضروری ہے کہ وہ intervention کرے ۔ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ ہمارا نظام ایسا بنے جس کے تحت ہمیں کسی کے آگے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے ۔ لیکن اگر آپ نے کسی سے aid negotiate کی ، معاملات طے

کیئے تو کم از کم وہ چیز تو بر وقت ہونی چاہیئے چہ جائیکہ دوسرے ممالک جو ہیں وہ شکایت کریں اور ہمارے جو بیوروکریٹس ہیں وہ ٹک ٹک دیدم دم نہ کشیدم کا موقع بنے رہیں ۔ شکریہ !

Syed Fakhar Imam: Mr. Chairman, the facts of the case are that Pakistan has never had more than about 450 million dollars assistance etc., from the Japanese Government. So, the figure of one billion dollar Japanese aid is entirely not correct. As far as the procedures of handling the papers of aid, there was a Japanese Mission which came to Pakistan to negotiate and to examine the feasibility studies with the PC-1s for five of these projects which the honourable Member has just stated. Name of the projects are Water Management Programme 210 mg, Bin Qasim Extension Unit 6. Track circuiting on 94 railway stations, agricultural private programme of ADBP and emergency adjustment programme. They were due to come here again on the 21st January, 1991, this was the appraisal mission, but due to the Gulf war they have not come. They are likely to come at the end of March. The Japanese and the Government of Pakistan, have already contradicted, this particular report in the press and I have copies of it, the press release is there from the Economic Affairs Division. If the honourable Member would like to see it I have the thing with me. The Embassy of Japan through its Japanese information bulletin have also contradicted this news item. In fact what they have said is this news item, this is the Japanese Embassy, is totally baseless. Japanese official development assistance to Pakistan, being extended since 1967, is based on the uniform policy of supporting Pakistan in its effort to stablize its economy, develop its own resources and improve the living standard of its people. Pursuing this policy the Government of Japan independently decided its aid package each year and it is proceeded ahead with this assistance to Pakistan this year too. So, I think when the Japanese themselves have denied this, Mr. Chairman, and the Pakistan Government has also given a press release, if the honourable

Senator would like to see, this is 2-1/2 page press release, the Government of Pakistan has issued, the Japanese has issued. So, I think 'the Dawn' news item from Mr. Ehteshamul Haque of Feb. 10, Islamabad date-line is incorrect and not based on facts. So, with this Mr. Chairman, I would request my honourable colleague not to press this motion.

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Prof. Khurshid Sahib.

<u>پروفیسر خورشید احمد</u>: میں وزیر محترم کا بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے وضاحت کر دی ہے، لیکن ہماری ہمیشہ سے کوشش رہی ہے کہ سب سے پہلے اس بات کو ascertain کرلیں اگر facts صحیح نہ ہوں تو ہم نے کبھی بھی ایسی تحریکات کو آگے نہیں بڑھایا لیکن جس بات کی تردید وزیر موصوف نے جاپانی پریس ریلیز سے پڑھی ہے، وہ اصل رپورٹ میں موجود تھی لیکن میں نے اس پر اپنی تحریک کو پیش نہیں کیا اصل بات یہ تھی کہ چونکہ امریکہ نے اپنی aid discontinue کی ہے اس لئے اس کا effect یہ بھی ہوا ہے کہ جاپان بھی اس معاملے میں اپنی aid کو روک رہا ہے، میں نے اس بات کو اپنی تحریک میں کہیں mention نہیں کیا اور تردید اسی بات کی ہوئی۔ میں نے جس بنا پر تحریک پیش کی ہے وہ یہ ہے اور اس کا جواب بالکل واضح ملنا چاہیئے کہ کیا یہ بات صحیح ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ رقم ایک بلین نہ ہو، ۶۵ ملین ہو، مجھے اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ۶۶۵ ملین ہو تو بھی وہ بہت بڑی رقم ہے، اگر ایک بلین ہو تو یہ اس سے بڑی رقم ہے اور ۶۵ ملین سے کم بھی ہو تو تب بھی وہ immaterial ہے۔ اصل چیز جو میں جاننا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ کیا یہ صحیح ہے کہ ان

پراجیکٹس کے سلسلے میں جو معلومات ہماری اکنامک منسٹری کو ، جاپانی گورنمنٹ کو ، ان کی negotiating team کو دینی تھیں وہ بر وقت دی گئی ہیں یا نہیں اور اگر بر وقت نہیں دی گئی ہیں اور اگر یہ بات صحیح ہے کہ questionnaire ایسا تھا جو دسمبر میں دیا گیا تھا لیکن فروری تک وہ معلومات فراہم نہیں کی گئیں تو یہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ بنیاد ہے جس پر کہ میں نے اپنی تحریک پیش کی ہے۔میں نے اس کو اس بنا پر پیش نہیں کیا کہ جاپانی ایمبیسی نے تردید کی ہے ڈان کی اس رپورٹنگ کی یا نہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : شکریہ ۔

Syed Fakhar Imam: Mr. Chairman, the Overseas Economic Cooperation Fund of Japan (OECF) on the 21st January, 1991, informed that the visit of the Appraisal Mission scheduled from the first of February, 1991, has been postponed for the present geo-political condition in the Gulf. However, OECF provided questionnaire on the above five projects about which I have just mentioned, asking detailed information relating to the overall economic situation in Pakistan particularly the sectorial, statistics and other related information. Most of the information has been sent to the OECF of Japan. This is a routine exercise which the Appraisal Mission undertakes each year as the part of the appraisal programme. Normally, the Appraisal Mission brings questionnaire with them when they come at the time of their visit which are completed by the concerned Ministries, Divisions, of the Government in due course and are generally sent to Japan after the Appraisal Mission has left the country. Japanese assistance for the above mentioned five projects would only be finalized after the visit of the Appraisal Mission, hopefully in March, and the Japanese authorities have been requested to feed the present Mission which is likely to visit Pakistan. This is the situation.

جناب ڈپٹی چیئرمین ۔ وزیر صاحب ، انہوں نے تو ایک specific

information مانگی ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین ! میرے سوال کا ابھی جواب نہیں آیا ہے ۔ جس نے بھی یہ لکھا that whoever wrote this report ہے ، اس نے اس بات کو touch کرنے کی کوشش کی ہے اس بارے میں جاننا چاہتا ہوں -- یہ بات ٹھیک ہے کہ جب مشن آئے گا تو معلومات دی جائیں گی لیکن بنیادی سوال یہ ہے کہ اگر دسمبر میں questionnaire آپ کو مل گیا تھا ، جنوری میں مشن کو آنا تھا ۔ فروری کے پہلے ہفتے تک میٹنگ ہونی تھی ، سوالات کے جوابات اس سے پہلے تیار ہونے چاہئیں تھے ۔ تو کیا وہ information اس وقت تیار کر لی گئی تھی یا نہیں اور دے دی گئی یا نہیں اگر نہیں دی گئی تو کب دی گئی اس کی date کیا ہے ۔

سید فخر امام : جو بات آپ نے کی ہے میں نے اس کا جواب دینے کی کوشش کی ہے ۔

Normally the Appraisal Mission brings their questionnaires with them at the time which are completed by the Ministry. تو اس کا مطلب تھا کہ جب انہوں نے جنوری میں آنا تھا تو وہ questionnaire ساتھ لانا تھا --

جناب ڈپٹی چیئرمین : وہ تو انہوں نے دسمبر میں دے دیا تھا اپنے ساتھ لانے کی بجائے انہوں نے پہلے ہی آپ کو دے دیا تھا ۔ اب ہماری گورنمنٹ نے اس پر کیا ایکشن لیا ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد : وہ تو دسمبر میں دیا گیا ۔ ہم normally کی بات نہیں کر رہے ہیں بلکہ اصولی بات کر رہے ہیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : وہ تو انہوں نے دسمبر میں دیا ہے ، یہ تو وہ کہہ رہے ہیں ۔

سید فخر امام : یہ انفارمیشن سمری میں نہیں ہے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : نہیں ہے ۔

I think, I hold this motion in order.

اب اس کو سٹینڈنگ کمیٹی میں بھیجا جائے تاکہ اس کو مزید thrash out کیا جائے کہ اصل وجہ کیا ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد : شکریہ !

Ch. Hamid Nasir Chattha: Mr. Chairman, it is required by the rules that the sense of the House should be taken before it is sent to the Standing Committee.

Mr. Deputy Chairman: No, it is not, if I am satisfied, then not.

Ch. Hamid Nasir Chattha: I am not sure, Sir, but anyway.

Mr. Deputy Chairman: OK, let's put it to doubt but I am satisfied.

Mr. Hamid Nasir Chattha: If the Chairperson is satisfied then it needs to be put to the House. I remember the rules correctly.

Mr. Deputy Chairman: So, what is the sense of the House? Now, I place this motion into vote of the House.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Chairman: Thank you very much for the correction. O.K. this will be admitted for two hours discussion.

پروفیسر خورشید احمد : جناب دونوں چیزیں ہو سکتی ہیں کمیٹی بھی اس کو examine کر سکتی ہے اور دو گھنٹے کے لئے اس میں بحث بھی ہو سکتی ہے ۔

Mr. Deputy Chairman: It is better to have a discussion in the committee so that we can find the facts. ....

پروفیسر خورشید احمد : ٹھیک ہے ہمارا مقصد تو مسئلے کو حل کرنا ہے

Message—Received from the National Assembly Sectt.

Mr. Deputy Chairman: O.K. Time is now over, I think. There is a message from the National Assembly.

> "In pursuance of Rule 119 of the Rules of Procedure and Conduct of the Business in the National Assembly, 1973, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the 'Employment of the Children Bill, 1991,' on 5th March, 1991, without amendment, a copy of the Bill is transmitted, herewith. This is for your information. Thank you."

Now, item No. 3, Syed Faseih Iqbal.

Report re: selling of rice by the PREC without international bidding—laid.

Syed Faseih Iqbal: Sir, I have been authorized by the Standing Committee on Commerce, in the absence of the Chairman, to present the following report before the House.

> "I beg to move to present Report of the Standing Committee on the adjournment motion No. 68-29/90-QAP of Senator Javed Jabbar, adjournment motion Nos. 75-29/90-QAP, 86-29/90-QAP and 96-29/90-QAP of Senator Prof. Khurshid Ahmed on the alleged selling by Pakistan Rice Export Corporation its entire IRRI crop of rice to international rice agents without international bidding apparently to reduce the current pressures on countr's balance of payment position including other factors."

Mr. Deputy Chairman: The report stands laid.

محترم امام صاحب، سرتاج عزیز صاحب کی بھی استدعا ہے کہ وہ آج نہیں آسکیں گے

تو ہاؤس کو مزید چلانا ہے یا اس کو adjourn کریں۔

سید فخر امام : آپ کی مرضی ہے جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : تو پھر pending business کو next day کے لئے کرتے ہیں۔

[The House is adjourned to meet again on 16th March, 1991 in the evening at 5.00 p.m. Thank you very much.]

[The House adjourned to meet again at five of the clock in the evening on Saturday the 16th of March, 1991].